اسلامیہ ٹنڈو الہ یار۔ ناشر: قرآن محل۔ مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی ۱۔ قیمت: چھ روپیہ
ضخامت: ۴۰۴ صفحات

زیر نظر کتاب ان حضرات کی دلچسپی کا باعث ہوگی جو قرآن مجید سے شغف رکھتے ہیں اور ان کا شغف صرف تلاوت تک محدود نہیں ہے بلکہ وہ اس عظیم کتاب کے بارے میں کچھ جاننا بھی چاہتے ہیں۔ فاضل مؤلف نے اس کتاب میں قرآن مجید کے بارے میں ہمہ اقسام کی معلومات جمع کردی ہیں کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں فضائل قرآن، نزول قرآن، وحی، اقسام وحی، مکی و مدنی آیات، جمع و تدوین قرآن، سورتوں کی ترتیب وغیرہ معلومات جمع کی گئی ہیں۔ دوسرے حصے میں تفسیر اور علوم قرآن سے متعلق مواد جمع کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر فہم قرآن کے موضوع پر یہ ایک اچھی کتاب ہے۔

تاریخ فقہ تالیف: علامہ شیخ محمد خضری بک۔ ترجمہ: مولانا محمد تقی عثمانی و مولانا حبیب احمد ہاشمی۔ ناشر: دارالاشاعت۔ مولوی مسافر خانہ کراچی ۱۔ قیمت: نو روپیہ ضخامت: ۵۹۳ صفحات

اردو زبان کا دامن تاریخ فقہ کے موضوع پر بلند پایہ کتابوں سے خالی ہے۔ دارالاشاعت کراچی کے منتظمین اردو داں حضرات کے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس کمی کو علامہ خضری بک کی مشہور کتاب تاریخ التشریع الاسلامی کے ترجمے سے پورا کردیا۔

علامہ خضری بک نے اپنی اس کتاب کو شخصیات کے بجائے زمانوں کے اعتبار سے مرتب کیا ہے اور کل مدت کو چھ ادوار میں تقسیم کرکے فقہ کے ارتقاء کا نقشہ پیش کیا ہے۔ ہر دور کے ممتاز فقہاء، فقہی مکاتب اور کتابوں کا تذکرہ کیا ہے۔ اگرچہ فاضل مصنف کی بعض آراء سے اختلاف کیا جاسکتا ہے تاہم مجموعی طور پر کتاب وقیع اور مفید ہے۔

فاضل مترجمین نے ترجمہ محنت سے کیا ہے لیکن اس میں شگفتگی اور روانی کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ کتاب کا معیار کتابت وطباعت اچھا ہے البتہ کہیں کہیں اغلاط رہ گئی ہیں۔ اس طرح کی کتابوں میں اغلاط کا رہ جانا بہت کھٹکتا ہے۔ ضرورت ہے کہ آئندہ ایڈیشن کی تصحیح زیادہ دقت نظر